© rasailojaraid.com

# تبصرہ کتب

## جنات کی حقیقت

مصنف پروفیسر عبداللہ شاہین

صفحات 156 قیمت 45روپے

ناشر:- نعمانی کتب خانہ اردو بازار لاہور۔ فون:-7321865

زیرِ نظر کتاب پروفیسر عبداللہ شاہین صاحب کے نوک دار قلم کا وہ عظیم شاہکار ہے کہ جس میں انہوں نے معاشرے میں پائے جانے والے کینسر یعنی جادو، علم نجوم، پامسٹری، جنات اور دیگر فاسد خیالات و توہمات کا قرآن و سنت کی روشنی میں پوسٹ مارٹم کیا ہے۔

کتاب بہت سے دلچسپ مباحث پر مشتمل ہے اور اس میں جادو کی تعریف، جادو کی حقیقت، جادو کی تاریخ، جادو کی قسمیں، جنات سے مدد لینا، جادو کے اثرات، تعویز گنڈہ کی حقیقت، علم نجوم، برجوں کی حقیقت ستاروں کے متعلق مغربی نظریات، علم رمل، علم جفر اور فالنامہ وغیرہ پر کھل کر گفتگو کی گئی ہے اور دلائل سے ان کا رد کیا گیا ہے۔ کتاب کے آخر میں ضمیمہ کے طور پر شیخ عبدالعزیز بن باز کا جادو اور کہانت کے رد میں اہم فتویٰ بھی شامل کیا گیا ہے۔ کتاب اپنے موضوع پر ایک عمدہ کاوش ہے۔ اس عنوان میں دلچسپی رکھنے والوں کیلئے اس میں بہت مفید معلومات کو جمع کر دیا گیا ہے اور حقیقت میں مصنف نے جادو اور جنات سے متعلق حقائق پیش کر کے لوگوں کو اپنے ایمان و جان اور مال بچانے کی دعوت فکر دی ہے اور ان پر احسان عظیم کیا ہے۔ نعمانی کتب خانہ کی طرف سے اس وقیع کتاب کی اشاعت قابل تحسین ہے۔ اللہ جزائے خیر دے۔ آمین

---------------------

## نکاح، طلاق اور حلالہ

مصنف پروفیسر عبداللہ شاہین

صفحات 40 قیمت 24روپے

ناشر:- نعمانی کتب خانہ اردو بازار لاہور۔ فون:-7321865

پروفیسر عبداللہ شاہین صاحب یہ ایک عمدہ تحقیقی کاوش ہے۔ اس میں انہوں نے نکاح کی اہمیت اور برکات کو بیان کر کے میاں بیوی کو خوش و خرم ازدواجی زندگی گزارنے کا درس دیا ہے اور ان کے آپس میں بگاڑ کی صورت میں طلاق اور حلالہ جیسے ظہور پذیر ہونے والے بھیانک نتائج کی منظر کشی کی ہے اور اس ضمن میں طلاق کے صحیح طریقہ کی وضاحت کی ہے اور حلالہ جیسے ملعون فعل کی مذمت کی ہے۔

کتاب کے چند اہم عنوان یہ ہیں۔ اسلامی معاشرت، میاں بیوی کو جوڑنا، نکاح ایک عبادت، نکاح سے اسلام کا منشاء، خاندان ایک ادارہ، مرد گھر کا نگران، شوہر بیوی کا رشتہ، طلاق کا سبب، طلاق کی ناگزیر صورت، طلاق کا صحیح طریقہ، حلالہ۔۔۔۔۔۔ گناہ کبیرہ۔ ایسی عمدہ کتب معاشرے میں بگاڑ کی درستی کے لئے اہم کردار ادا کرتی ہیں اس کتاب کے مطالعہ سے بہت ہی نصیحت آموز سبق حاصل کر سکتے ہیں۔ کتاب کی طباعت عمدہ ہے اور قیمت مناسب۔

## جن و شیاطین کی دنیا

تالیف عمر سلیمان الاشقر

اردو ترجمہ مولانا عبدالسلام سلفی

صفحات 239 قیمت 90روپے

ناشر:- مکتبہ قدوسیہ غزنی سٹریٹ،

اردو بازار لاہور۔ فون 7351124

عالم دنیا میں جن و شیاطین کے متعلق عجیب و غریب کہانیاں مشہور ہیں۔ ارض ہند اور پاکستان میں بھی نام نہاد "شعبدہ بازوں" نے اس ہوائی مخلوق کے بارے کئی خود ساختہ قصے بنا رکھے ہیں اور وہ ان قصوں اور اپنی "شعبدہ بازیوں" سے سادہ لوح عوام کو گمراہ کرنے اور ان سے مال بٹورنے میں مصروف عمل رہتے ہیں۔

ایک خلقِ کثیر ان رہزنوں کے دام فریب کا شکار نظر آتی ہے اور یہ نام نہاد شعبدہ باز جنات کو "مقید" کرنے کے دعوے کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ اصل میں یہ لوگ شیطانی کھیل کھیلتے ہیں اور شیطان ان سے اپنا مطلب پورا کرواتا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب میں اس حقیقت کو وضاحت سے کھول کر بیان کر دیا گیا اور جن و شیاطین کی تاریخ قرآن و سنت سے مترشح کر دی گئی ہے۔ یہ کتاب جن و شیاطین سے متعلق اب تک شائع ہونے والی تمام کتب میں سب سے تفصیلی اور جامع ہے۔ کتاب کی ترتیب اور اسلوب تحریر بہت عمدہ ہے۔ سات فصلوں پر مشتمل اس تحقیقی کتاب کے چند اہم موضوع ملاحظہ فرمایئے۔ جنات کی تخلیق کب ہوئی۔ عربی زبان میں جنوں کے نام، جن کی قسمیں شیطان اور جنات، جنات کی غذا، جنات میں شادی بیاہ کا رواج، جنات کی طاقت، جاہلانہ توہم، جنوں میں بھیس بدلنے کی صلاحیت، اللہ کے نیک بندوں پر شیطان کا تسلط نہیں۔ حضرت سلیمانؑ کی جنوں پر حکومت، سلیمانؑ پر یہود کی تہمت، جن شریعت کے پابند ہیں۔ محمد ﷺ اور انس و جن، نیکی و بدی کے لحاظ سے جنوں کے طبقے، شیطان کا مزاج، انسان اور شیطان کی دشمنی، انسان کا ہمزاد، شیطان کا فریب، شیطان کے ہتھکنڈے، جادو کی حقیقت، شیطان سے مقابلہ کرنے کے لئے مومن کا ہتھیار، کتاب ایک عمدہ تحقیقی کاوش ہے اور اپنے موضوع کا ہر اعتبار سے احاطہ کئے ہوئے۔ عمر سلیمان الاشقر کی اس تالیف کو اردو کے قالب میں عبدالسلام سلفی حفظ اللہ نے ڈھالا ہے اور ترجمان کا حق ادا کر دیا ہے۔ قدوسی برادران توقیر و تحسین کے لائق ہیں کہ انہوں نے اس کتاب کو تمام ظاہری اور معنوی طباعتی خوبیوں سے مزین کر کے شائع کیا۔ اہل ذوق کیلئے یہ کتاب ایک نادر تحفہ ہے۔ مطالعہ سے لطف اٹھائیں۔

© rasailojaraid.com